حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ سوال و جواب کی شکل میں

محمد یٰسین ذکی

ترتیب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

مقدمہ

پیارے نبی حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی سارے انسانوں کے لیے رشد وہدایت اور رحمت کا ذریعہ ہے۔ آپؐ کی زندگی سب کے لیے نمونہ اور مثال ہے۔ آپؐ کی حیات طیبہ کے بارے میں جاننے، مطالعہ کرنے اور ان کے نقش قدم پر چلنے کی تمنا ہر مسلمان کی دلی آرزو ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم سے محبت وعقیدت کا بھی تقاضا ہے کہ آپؐ کی زندگی کے حالات معلوم کیے جائیں اور اس کے مطابق زندگی گزارنے کی فکر کی جائے، جو لوگ اس سے ناواقف ہوں ان تک اسے پہنچانے اور عام کرنے کی کوشش کی جائے۔ یہ کتاب اسی سلسلے کی ایک کڑی ہے۔

برادر محمد یٰسین ذکی تعلیم وتربیت کے محترم پیشے سے وابستہ ہیں۔ انھیں بچوں کے مزاج اور ان کی نفسیات سے اچھی واقفیت ہے۔ وہ بچوں کی عمر اور فہم ومزاج کی رعایت کرتے ہوئے آسان زبان میں کہانیاں، ڈرامے، نظمیں وغیرہ لکھتے رہے ہیں۔ اس سلسلے کی ان کی کئی کتابیں قبول عام حاصل کر چکی ہیں۔

اس کتاب کو سوال وجواب کے انداز میں مرتب کیا گیا ہے۔ بچوں کی سطح کو پیش نظر رکھتے ہوئے مرتب نے نہایت سلیقے سے تمام معلومات سیرت کے خزانے سے جمع کی ہیں۔ ترتیب میں رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی کے مراحل کو پیش نظر رکھا گیا ہے۔ بہ طور مثال آپؐ کا گھر، خاندان، پیدائش وپرورش، مکّی زندگی، معراج، ہجرت، غزوات، دمِ واپسیں، بیویاں اور اولادیں وغیرہ۔

امید کی جاتی ہے کہ اس کتاب سے ابتدائی درجات کے طلبہ وطالبات فائدہ

اٹھائیں گے۔ پرائمری درجات کے مدارس اور اسکولوں میں اسے دینیات کے نصاب میں بھی شامل کیا جاسکتا ہے اور ہم نصابی سرگرمیوں کے لیے معاون کتاب کی حیثیت سے بھی جزو نصاب بنایا جاسکتا ہے۔ بچوں کے لیے سیرت کوئز کے مقابلوں میں بھی یہ ایک مفید مرجع ثابت ہوگی۔

اللہ تعالیٰ سے دُعا ہے کہ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات طیبہ کا عکس نئی نسل تک منتقل کرنے کی کوشش کو قبول فرمائے اور مصنف کے لیے اجر آخرت کا ذریعہ بنائے۔ آمین

انعام اللہ فلاحی
(شعبۂ تعلیم)
مرکز جماعت اسلامی ہند

پیش لفظ

اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی ہدایت کے لیے مختلف اوقات میں بہت سے نبیوں کو بھیجا، سب سے آخر میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو مبعوث کیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم و مکمل فرما دیا۔ اب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی لائی ہوئی تعلیمات قیامت تک رہ نمائی کے لیے کافی ہیں اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی زندگی کا ہر پہلو ذریعۂ اصلاح و ذریعۂ نجات ہے۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بے شمار کمالات ہیں، جن کا احاطہ انسان کے بس کی بات نہیں۔ کس کی مجال ہے کہ سرور کائنات کی تعریف و ستائش اور سیرت نگاری کا حق ادا کر سکے۔ البتہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا مبارک ذکر کر کے اپنے لیے نجات کا راستہ تلاش کر سکتا ہے۔ اس لیے ایک قلم کار کے لیے اس سے بڑی سعادت اور کیا ہو سکتی ہے کہ اس کے قلم سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی سیرت مبارکہ کا بیان اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے اسوۂ حسنہ کا اظہار ہو۔

اس دور میں جب کہ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی شخصیت کو غلط طریقے سے پیش جا رہا ہے اور آں حضرت صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی توہین کی تحریک چل رہی ہے، ضرورت ہے کہ نئی نسل کو اسلامی تعلیمات سے آگاہ کیا جائے اور سیرت رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے بارے میں ضروری معلومات فراہم کی جائیں۔ اسی امید کے ساتھ 'سیرت کوئز' کی شکل میں یہ کوشش کی گئی ہے، تا کہ اس کتاب سے نئی نسل کو سیرتِ مبارکہ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ضروری معلومات حاصل ہو سکیں۔

آج کل جب کہ مطالعے کا ذوق بہت کم ہوتا جا رہا ہے، ہماری نئی نسل بھی اس سے بہت متاثر ہے۔ طلبہ برادری بس انہی کتابوں کے پڑھنے پر اکتفا کرتی ہے، جو ان کے

کورس میں داخل ہیں اور جن میں دل چسپی کا طریقہ اختیار کیا گیا ہے۔ میں نے سیرتِ پاک صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے لیے سوال وجواب کا طریقہ اسی لیے اختیار کیا ہے کہ اس طریقے میں دل چسپی ہوتی ہے۔ اس کو مکاتب و مدارس اور اسکول و کالجز میں داخل نصاب کیا جاسکتا ہے اور نئی نسل کو معلوماتِ رسول صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پہنچانے کا فریضہ انجام دیا جاسکتا ہے۔

اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ میری اس کوشش کو شرفِ قبولیت بخشے اور میرے ان محسن بزرگوں کی عمروں میں برکت دے اور ان ساتھیوں کے درجات بلند فرمائے جنھوں نے اس کتاب میں میرا تعاون فرمایا۔ (آمین)

محمد یٰسین ذکیؔ
سرکڑا، بجنور

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا خاندان

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس نسل سے ہیں؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم حضرت اسماعیلؑ کی نسل سے ہیں۔

سوال ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قریش کے کس خاندان سے تھے؟

جواب: بنو ہاشم

سوال ۳: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ

سوال ۴: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ ماجدہ کا کیا نام تھا؟

جواب: بی بی آمنہ۔

سوال ۵: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کا نام کیا تھا؟

جواب: عبدالمطلب۔

سوال ۶: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دادی کا نام بتایئے؟

جواب: فاطمہ۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نانا کا نام بتایئے؟

جواب: وہب۔

سوال ۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نانی کا نام کیا تھا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نانی کا نام برہ تھا۔

سوال ۹: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ننھیال کہاں تھا؟

جواب: مدینہ منورہ۔

سوال ۱۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا عبدالمطلب کو شیبہ کیوں کہا جاتا تھا؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا عبدالمطلب کے سر کے کچھ بال پیدائش سے ہی سفید تھے اس لیے ان کو شیبہ (بوڑھا) کہا جاتا تھا۔

سوال ۱۱: پیارے نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچا تھے؟ ان کے نام بتائیے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ چچا تھے، جن کے نام اس طرح ہیں۔

حارث، ابوطالب، ابولہب، زبیر، حضرت حمزہؓ، حضرت عباسؓ

سوال ۱۲: حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کا انتقال کب اور کہاں ہوا تھا؟

جواب: مدینے میں جب وہ ۲۵ سال کے تھے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شکمِ مادر میں تھے۔

سوال ۱۳: جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کا انتقال ہوا اس وقت آپؐ کی عمر کتنی تھی؟

جواب: چھ سال۔

سوال ۱۴: انتقال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی والدہ کی عمر کیا تھی؟

جواب: تیس سال۔

سوال ۱۵: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پردادا کا کیا نام تھا؟

جواب: ہاشم بن عبد مناف۔

سوال ۱۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پردادی کا کیا نام تھا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پردادی کا نام سلمیٰ تھا۔

سوال ۱۷: انتقال کے وقت حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دادا کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ایک سو دس سال (تقریباً)۔

سوال ۱۸: دادا عبدالمطلب کے انتقال کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کتنی تھی؟

جواب: آٹھ سال، دو ماہ، دس دن۔

سوال ۱۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھ چچاؤں میں کتنے مسلمان ہو گئے تھے؟

جواب: صرف دو۔ حضرت حمزہؓ اور حضرت عباسؓ۔

سوال ۲۰: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابو طالب کا اصل نام کیا تھا؟

جواب: عبد مناف۔

سوال ۲۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کتنے چچا آپ کی پیدائش سے پہلے فوت ہو گئے تھے؟

جواب: دو۔ زبیر اور حارث۔

سوال ۲۲: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کون سے چچا آپ کے دودھ شریک بھائی تھے۔

جواب: حضرت حمزہؓ۔

سوال ۲۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان چچا کا نام بتایئے، جنھوں نے مسلمان نہ ہونے کے باوجود آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہت زیادہ مدد کی؟

جواب: چچا ابو طالب۔

سوال ۲۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس چچا کا نام بتایئے، جس کے نام پر قرآن پاک میں ایک سورۃ موجود ہے اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا سخت مخالف تھا؟

جواب: ابولہب۔

سوال ۲۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد عبداللہ کے ماں جائے بھائی کون تھے؟

جواب: ابو طالب اور زبیر۔

سوال ۲۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ کون سے چچا تھے، جو کافی عرصہ تک اپنے اسلام کو چھپائے رہے اور در پردہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مدد کرتے رہے؟

جواب: حضرت عباسؓ۔

سوال ۲۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ایک محترم چچا اسلام قبول کرنے کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی ہی میں شہید ہو گئے تھے۔ بتایئے ان کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت حمزہؓ (جو اُحد کی جنگ میں شہید ہوئے)

سوال ۲۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بہن، بھائیوں کے نام بتائیے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کوئی بہن یا بھائی نہیں تھا۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے والدین کی اکلوتی اولاد تھے اس لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 'درِّ یتیم' بھی کہا جاتا ہے۔

سوال ۲۹: وہ کون سی خوش نصیب خواتین ہیں، جن کے بارے میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی والدہ (بی بی آمنہ) کے علاوہ میری ماں کے بعد 'میری ماں' کہا ہے؟

جواب: ۱- حضرت ام ایمنؓ (جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے والد کی لونڈی تھیں۔ انھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو گود میں کھلایا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہت خدمت کی)

۲- حضرت حلیمہ سعدیہؓ (جنھوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دودھ پلایا)

۳- حضرت فاطمہؓ بنت اسد، جو چچا ابوطالب کی اہلیہ اور حضرت علیؓ کی والدہ تھیں؟

سوال۔ ۳۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضاعی والدہ کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت حلیمہ سعدیہؓ (چند دن تک آپ کو ثوبیہ نے بھی دودھ پلایا تھا اس لیے وہ بھی رضاعی والدہ کا درجہ رکھتی ہیں)۔

سوال ۳۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی رضاعی والدہ حضرت حلیمہؓ کے شوہر کا نام بتائیے؟

جواب: حارث بن عبدالعزیٰ۔

سوال ۳۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بہن اور بھائیوں کے نام بتائیے؟

جواب: ۱- حضرت حمزہؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا (ثوبیہ کا دودھ پینے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے)

۲- حضرت ابوسلمہؓ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے پھوپی زاد بھائی (ثوبیہ کا دودھ پینے کی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے)۔

۳- مسروح (ثوبیہ کا بیٹا)۔

۴- حضرت حلیمہؓ کی بیٹی شیما، نفیسہ اور ان کا بیٹا عبداللہ۔

سوال ۳۳: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان چچا زاد بھائی کا نام بتایئے جن کی پرورش آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خود کی تھی؟

جواب: حضرت علیؓ۔

سوال ۳۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ کون سے چچا زاد بھائی ہیں، جو 'مفسر قرآن' کہلاتے ہیں؟

جواب: حضرت عبداللہ ابن عباسؓ۔

سوال ۳۵: نجاشی شاہ حبشہ کے دربار میں زوردار تقریر کرنے والے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچازاد بھائی کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت جعفرؓ۔

سوال ۳۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس پھوپی زاد بھائی کا نام بتایئے، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم زلف ہونے کے ساتھ ساتھ عشرہ مبشرہ میں بھی شامل ہیں؟

جواب: حضرت زبیر بن عوامؓ۔

سوال ۳۷: نبوت کے دسویں سال عام الحزن (غم کا سال) میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان میں سے کس کس کا انتقال ہوا تھا؟

جواب: ۱-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چچا ابوطالب ۲-آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اہلیہ حضرت خدیجہؓ

سوال ۳۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس چچی کا نام بتایئے، جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سخت دشمن تھی؟

جواب: ابولہب کی بیوی ام جمیل۔

سوال ۳۹: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے گھر میں سب سے پہلے ایمان لانے والوں کے نام بتایئے

جواب: ۱-ام المومنین حضرت خدیجہؓ بنت خویلد۔

۲-حضرت علیؓ بن ابوطالب۔ ۳-حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

سوال ۴۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی پھوپھی ہیں، جو آپؐ کی ساس بھی تھیں؟

جواب: حضرت امیمہ۔

سوال ۴۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس پھوپھی کا نام بتائے، جو آپ ؐ کے والد محترم کی جڑواں بہن تھی۔

جواب: ام حکیم البیضاء۔

سوال ۴۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان پھوپھیوں کے نام بتایئے، جو مسلمان ہو گئی تھیں؟

جواب: حضرت اروی ؓ۔ حضرت صفیہ ؓ۔

سوال ۴۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی پھوپھی ہیں، جنھوں نے غزوۂ احزاب میں بہادری کی مثال قائم کی اور ایک یہودی کو قتل کر دیا؟

جواب: حضرت صفیہ ؓ۔

سوال ۴۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چچازاد بہن کا نام کیا تھا؟

جواب: ام ہانی بنت ابوطالب۔

سوال ۴۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھیوں کے نام بتایئے؟

جواب: ۱- ام حکیم، ۲-امیمہ، ۳-عاتکہ، ۴-صفیہ ؓ، ۵-برہ، ۶-اروی ؓ

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش اور پرورش

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پیر کے دن ۱۲/ربیع الاول کو مکّے میں پیدا ہوئے۔

سوال ۲: مکّے کے اس محلہ کا نام بتایئے، جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت ہوئی تھی؟

جواب: سوق اللیل۔

سوال ۳: پیدائش کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دادا آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کہاں لے گئے تھے؟

جواب: خانہ کعبہ میں۔

سوال ۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش کے بعد ام ایمن کو کیسا لگا تھا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش پر عجیب قسم کی لطیف سی خوش بو آ رہی تھی۔ جیسے سارا کمرہ خوش بو سے بھر گیا ہو۔

سوال ۵: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا پیارا نام 'محمد' کس نے رکھا تھا؟

جواب: دادا عبدالمطلب نے تمام قریش کی پر تکلف دعوت کا اہتمام کیا اس موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا نام 'محمد' رکھا گیا۔

سوال ٦: لفظ 'محمد' کے کیا معنیٰ ہیں؟

جواب: جو ہستی تمام اچھی خوبیوں کی جامع ہو اور جس کی سب تعریف کریں اسے 'محمد' کہتے ہیں۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدہ ماجدہ نے خواب میں فرشتے سے بشارت پا کر آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا نام کیا رکھا تھا؟

جواب: احمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم۔

سوال ۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پیدائش کی خوش خبری دادا عبدالمطلب کو کس نے دی؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے والد کی کنیز ام ایمن ؓ نے (جو برکہ کے نام سے معروف ہیں)۔

سوال ۹: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی ولادت کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے دادا کہاں تھے؟

جواب: بیت اللہ کے طواف میں مصروف تھے۔

سوال ۱۰: بی بی آمنہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کتنے دن دودھ پلایا؟

جواب: تین یا چار دن۔

سوال ۱۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو ثوبیہ نے کتنی مدت تک دودھ پلایا تھا؟

جواب: تین یا چار مہینہ۔

سوال ۱۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حلیمہ سعدیہ ؓ کا دودھ کتنے عرصہ تک پیا تھا؟

جواب: دو سال۔

سوال ۱۳: جب دائی حلیمہ ؓ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو اپنی چھاتی سے لگایا تو انھیں کیا محسوس ہوا تھا؟

جواب: دائی حلیمہ کو محسوس ہوا کہ ان کی چھاتی سے دودھ کی نہریں بہہ نکلی ہیں۔

سوال ۱۴: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر تین یا چار سال تھی اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم حلیمہ سعدیہ ؓ کی آغوش میں پرورش پا رہے تھے، اس دوران کون سا اہم واقعہ پیش آیا؟

جواب: شقِ صدر یعنی اللہ کی جانب سے سینے کے چیرے جانے کا پہلا واقعہ پیش آیا۔

سوال ۱۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدہ ماجدہ کا انتقال کب ہوا؟ اور اس کے بعد آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی پرورش کس نے کی؟

جواب: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم چھے سال کے تھے آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی والدہ کا انتقال ہوگیا

پھر دادا عبدالمطلب نے پالا پوسا۔

سوال ۱۶: حضرت محمد ﷺ کے دادا عبدالمطلب کھانا کھانے بیٹھتے تو آپ ﷺ کے بارے میں کیا کہتے تھے؟

جواب: وہ کہتے، 'میرے بیٹے کو میرے پاس لاؤ' اور جب آپ ﷺ کسی وجہ سے تشریف نہ لاتے تو وہ کھانا نہیں کھاتے تھے۔

سوال ۱۷: دادا عبدالمطلب کا انتقال کب ہوا؟ اور ان کے بعد آپ ﷺ کی پرورش کس نے کی؟

جواب: جب آپ ﷺ آٹھ سال، دو ماہ، دس دن کے ہوئے تو دادا چل بسے پھر چچا ابوطالب نے آپ ﷺ کی پرورش کی۔

سوال ۱۸: چچا ابوطالب کی پرورش میں رہتے ہوئے ان کی تنگ دستی دور کرنے کے لیے آپ ﷺ نے کیا کیا؟

جواب: اجرت پر بکریاں چرانی شروع کر دیں۔

سوال ۱۹: حضرت محمد ﷺ کی دایہ کا نام بتایئے؟

جواب: شفا (جو حضرت عبدالرحمن رضی اللہ عنہ بن عوف کی والدہ تھیں)۔

سوال ۲۰: حضرت محمد ﷺ چچا ابوطالب کی پرورش میں تھے تو ابوطالب کے گھر میں کھانے کے موقع پر کبھی بچوں میں چھینا جھپٹی ہو جاتی، اس وقت آپ ﷺ کیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت محمد ﷺ ان بچوں سے دور ہٹ کر بیٹھ جاتے۔ چھینا جھپٹی کبھی نہ کرتے اور اکثر زم زم کے پانی سے اپنا پیٹ بھر لیا کرتے تھے۔

سوال ۲۱: حضرت محمد ﷺ کی پرورش کے دوران جب ایک بار قریش کے لوگوں نے ابوطالب سے قحط سالی کی شکایت کی اور بارش کے لیے دُعا کرنے کو کہا تو ابوطالب نے کیا کیا؟

جواب: چچا ابو طالب نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بیت اللہ کی دیوار کے ساتھ کھڑا کر کے بارش کے لیے دُعا کرنے کو کہا۔ اس وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر آٹھ سال سے کچھ زیادہ تھی۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے دُعا کے لیے ہاتھ اٹھائے تو بارش شروع ہوگئی حالاں کہ کچھ دیر پہلے بادل کا کہیں نام ونشان بھی نہ تھا۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مکّی زندگی اور نبوت

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شام کا تجارتی سفر پہلی مرتبہ کس کے ساتھ اور کتنی عمر میں کیا تھا؟

جواب: چچا ابو طالب کے ساتھ ۱۲ سال ۲ ماہ کی عمر میں۔

سوال ۲: پندرہ یا سولہ سال کی عمر میں اپنے چچاؤں کے ساتھ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس جنگ میں حصہ لیا؟

جواب: حرب فجار میں۔

سوال ۳: مکّی زندگی میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے کون سے امن معاہدے میں شرکت کی تھی؟

جواب: حلف الفضول میں جب کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر تقریباً ۱۶ سال تھی۔

سوال ۴: شام کا دوسرا سفر آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس عمر میں اور کیوں کیا تھا؟

جواب: ۲۵ سال کی عمر میں حضرت خدیجہؓ کا سامان تجارت لے کر روانہ ہوئے تھے۔

سوال ۵: شام کے تجارتی سفر میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ حضرت خدیجہؓ نے اور کس کس کو بھیجا تھا؟

جواب: اپنے غلام میسرہ کو اور اپنے رشتہ دار خزیمہ کو۔

سوال ۶: حضرت خدیجہؓ سے نکاح کے وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۲۵ سال۔

سوال ۷: حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح سے پہلے ذاتی حالات آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کس قریبی رشتہ دار سے معلوم کیے تھے؟

جواب: حضرت صفیہؓ سے (جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی اور حضرت خدیجہؓ کی بھابھی تھیں)۔

سوال ۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح کے بعد حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کون سی درخواست کی، جسے آپ صلی اللہ علیہ وسلم نے قبول فرمالیا تھا؟

جواب: حضرت خدیجہؓ کی خواہش تھی کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنا آبائی مکان چھوڑ کر مستقل طور پر ان کے مکان میں آجائیں۔ چناں چہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایسا ہی کیا۔

سوال ۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خدیجہؓ کا مہر کتنا ادا کیا تھا؟

جواب: ساڑھے بارہ اوقیہ سونا (ایک اوقیہ چالیس درہم کے برابر ہوتا ہے)۔
ایک روایت کے مطابق بیس اونٹنیاں بطور مہر ادا کی گئی تھیں۔

سوال ۱۰: حضرت خدیجہؓ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ایک غلام ہبہ کیا تھا۔ اس کا نام کیا تھا؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

سوال ۱۱: خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کے وقت اس کی اصل جگہ پر حجر اسود کس نے رکھا تھا؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے۔

سوال ۱۲: حجر اسود کو نصب کرنے کے لیے ابو امیہ بن مغیرہ کی جانب سے فیصلہ کی، جو شرط رکھی گئی تھی اس کے مطابق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے پہلے حرم میں داخل ہوئے تو دیکھنے والوں نے ایک زبان ہو کر کیا کہا تھا؟

جواب: امین آ گیا، ہم اس کے فیصلے پر راضی ہیں۔

سوال ۱۳: مکّی زندگی میں بعثت سے پہلے لوگ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کن الفاظ سے پکارتے تھے؟

جواب: امین اور صادق۔

سوال ۱۴: خانہ کعبہ کی دوبارہ تعمیر کے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۳۵ سال۔

سوال ۱۵: حجر اسود کو اس کی اصل جگہ پر نصب کرنے پر اٹھے تنازعہ کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس طرح دور فرمایا تھا؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ایک چادر بچھائی اور حجر اسود کو خود اس میں رکھا پھر قبائل کے سرداروں سے کہا کہ وہ سب مل کر چادر کو مقام تنصیب تک اٹھائیں اور چادر سے اس مقدس پتّھر کو اٹھا کر حضور صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مطلوبہ مقام پر نصب فرمادیا۔ اس طرح سب قبیلے خوش ہو گئے اور ایک بڑی جنگ کا خطرہ ٹل گیا۔

سوال ۱۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر غیبی ظہور کی شروعات کتنی عمر میں ہونے لگی تھی؟

جواب: نبوت سے سات سال قبل ۳۳ سال کی عمر میں۔

سوال ۱۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر سچے خواب آنے کب شروع ہوئے تھے؟

جواب: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر چالیس سال کے لگ بھگ تھی آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم خواب میں جو کچھ دیکھتے ویسے ہی حقیقت میں پیش آتا تھا۔

سوال ۱۸: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی عمر کے چالیسویں سال کا زیادہ تر حصہ کہاں گزارا تھا؟

جواب: غارحرا میں۔

سوال ۱۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیات مبارکہ میں جن غاروں کی بڑی اہمیت ہے وہ کون سی اور کہاں واقع ہیں؟

جواب: ۱- 'غارِحرا' جو مکّے سے تقریباً تین میل کے فاصلے پر واقع ہے۔ آج کل اس پہاڑ کو 'جبل نور' کہتے ہیں۔

۲- 'غارثور' یہ مکّے سے تقریباً چھ میل کے فاصلے پر ہے۔

سوال ۲۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غارحرا میں کیوں تشریف لے جاتے تھے؟

جواب: عبادت کرنے کے لیے تا کہ تنہائی میں اپنے رب کو یاد کر سکیں۔

سوال ۲۱: بعثت کا زمانہ جیسے جیسے قریب آ رہا تھا حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کیفیت کیسی ہوتی جا رہی تھی؟

جواب: عبادت کی کثرت اور مراقبہ بڑھتا جا رہا تھا، غار حرا کی گوشہ نشینی محبوب ہوتی جا رہی تھی۔ چناں چہ غار حرا میں کھانے پینے کا سامان ختم ہو جاتا تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم گھر تشریف لاتے اور کھانے پینے کا سامان لے کر واپس چلے جاتے اور یہ سلسلہ نزول وحی تک جاری رہا۔

سوال ۲۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کتنی عمر میں نبی بنائے گئے؟

جواب: چالیس سال کی عمر میں۔

سوال ۲۳: جبریلؑ نے پہلی ملاقات میں غار حرا میں داخل ہوتے وقت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا کہا تھا؟

جواب: بشارت قبول فرمایئے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اللہ کے رسول ہیں اور میں جبریلؑ ہوں۔

سوال ۲۴: پہلی وحی کے وقت جبریل امینؑ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے کیا کہا تھا؟

جواب: کہا تھا 'اقرأ' یعنی پڑھیے۔

سوال ۲۵: وہ کون سی آیات ہیں جن سے پہلی وحی کا آغاز ہوا تھا؟

جواب: سورہ 'علق' کی پہلی پانچ آیات۔

سوال ۲۶: نزول وحی کے بعد حضرت خدیجہؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پریشانی اور اضطراب کو دور کرنے کے لیے کس کے پاس لے کر گئی تھیں؟

جواب: ورقہ بن نوفل کے جو انجیل و توریت کے بہت بڑے عالم تھے اور حضرت خدیجہؓ کے چچازاد بھائی بھی تھے۔

سوال ۲۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے خفیہ تبلیغ کتنے سال تک جاری رکھی؟

جواب: تین سال تک (تقریباً)۔

سوال ۲۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے اسلام کی دعوت سن کر سب سے پہلے اسلام لانے والوں کے نام بتایئے؟

جواب: ۱-حضرت خدیجہؓ (عورتوں میں

۲-حضرت ابوبکر صدیق ؓ (مردوں میں)

۳-حضرت علیؓ (نوجوانوں میں)

۴-حضرت زیدؓ بن حارثہ (غلاموں میں)

سوال ۲۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکّے میں پہلا اسلامی مرکز کس کے گھر کو بنایا تھا؟

جواب: حضرت ارقم ؓ کے گھر کو۔

سوال ۳۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو نبوت کی بشارت ملنے کے بعد نزول قرآن کی شروعات کتنے عرصہ بعد ہوئی تھی؟

جواب: چھے ماہ (ربیع الاول میں نبوت کی بشارت ملی اور نزول قرآن کی ابتدا رمضان میں ہوئی تھی)۔

سوال ۳۱: سب سے پہلی نماز حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے ساتھ پڑھی؟

جواب: حضرت جبریلؑ کے ساتھ۔

سوال ۳۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب صفا پہاڑی پر چڑھ کر لوگوں کو تبلیغ کے لیے بلایا تو کس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مخالفت کی تھی؟

جواب: ابولہب نے۔

سوال ۳۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طائف کا سفر کیوں اور کب کیا؟

جواب: تبلیغ اسلام کے لیے 27 شوال 10 نبوی 619ء میں۔

سوال ۳۴: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب طائف میں تبلیغ اسلام کے لیے گئے تو آپؐ کے ساتھ کون تھا؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

سوال ۳۵: غنڈوں اور شریر لوگوں کے ہاتھوں زخمی ہوکر طائف سے واپسی کے بعد حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کے باغ میں پناہ لی تھی؟

جواب: ربیعہ کے بیٹوں عتبہ اور شیبہ کے باغ میں۔

سوال ۳۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے طائف سے واپسی پر نخلہ کے مقام پر کون سی سورہ تلاوت فرمائی تھی، جس کو جنوں نے بھی سنا تھا؟

جواب: سورہ رحمٰن۔

سوال ۳۷: مدینے کے اس شخص کا نام بتایئے، جس نے سب سے پہلے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملاقات کرنے کے بعد اسلام قبول کیا؟

جواب: حضرت ایاس ؓ بن معاذ۔

سوال ۳۸: وہ پہلے شاعر کون ہیں، جو مکّے میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زبان مبارک سے قرآن کی آیات سن کر مسلمان ہو گئے تھے؟

جواب: طفیل ؓ بن عمر دوسی۔

معراج کا سفر اور ہجرتِ مدینہ

سوال ۱: معراج کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا آسمانوں سے اوپر جانا اور اللہ کے جاہ وجلال، شان و شوکت اور جلوہ ونور کا مشاہدہ کرنے کو معراج کہتے ہیں۔

سوال ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو معراج کب ہوئی تھی؟

جواب: ۲۷/رجب، نبوت کے دسویں سال، پیر کے دن، رات کے وقت، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اپنی چچازاد بہن ام ہانیؓ کے گھر سو رہے تھے۔

سوال ۳: جب معراج کا واقعہ پیش آیا، اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر کتنی تھی؟

جواب: ۵۱ سال، ۹ ماہ۔

سوال ۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے ذریعے امت مسلمہ پر پانچ نمازیں کب فرض کی گئیں؟

جواب: ۲۷/رجب، معراج کی رات۔

سوال ۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے معراج کی رات الگ الگ آسمانوں پر کن نبیوں سے ملاقات کی تھی؟

جواب: ۱۔ پہلے آسمان پر حضرت آدم علیہ السلام سے۔

۲۔ دوسرے آسمان پر حضرت یحییٰ علیہ السلام اور حضرت عیسیٰؑ سے۔

۳۔ تیسرے آسمان پر حضرت یوسف علیہ السلام سے۔

۴۔ چوتھے آسمان پر حضرت ادریس علیہ السلام سے۔

۵۔ پانچویں آسمان پر حضرت ہارون علیہ السلام سے۔

۶۔ چھٹے آسمان پر حضرت موسیٰ علیہ السلام سے۔

۷۔ ساتویں آسمان پر حضرت ابراہیم علیہ السلام سے۔

سوال ۶: معراج کی رات کس مقام پر جبریل امینؑ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ آگے بڑھنے سے معذرت پیش کی تھی؟

جواب: سدرۃ المنتہیٰ سے۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی حیات مبارکہ میں مختصر مدت میں کون سا طویل ترین سفر کیا تھا اور اس سفر میں کون سی سواری استعمال کی تھی؟

جواب: معراج کا سفر اور براق کی سواری۔

سوال ۸: بیت المعمور (ایک عظیم الشان محل، جہاں فرشتے آتے جاتے تھے) حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کہاں اور کب دیکھا تھا؟

جواب: معراج کی رات ساتویں آسمان پر۔

سوال ۹: معراج رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ذکر قرآن کے کس پارے میں آیا ہے؟

جواب: پندرھویں پارے میں۔

سوال ۱۰: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مکّے سے مدینے کو ہجرت کب کی تھی؟

جواب: نبوت کے تیرھویں سال جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر ۵۳ سال تھی۔

سوال ۱۱: ہجرت کے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کون تھا؟

جواب: ۱۔ حضرت ابوبکرؓ۔

۲۔ عامر بن فہیرہؓ جو حضرت ابوبکرؓ کے غلام تھے۔

۳۔ عبداللہ بن اریقط (جن کی ذمہ داری راستہ بتانا تھا)۔

سوال ۱۲: بتایئے جب ہجرت کی رات حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے مکان کو دشمنوں نے گھیر لیا تھا اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم وہاں سے نکل کر کہاں گئے تھے؟

جواب: حضرت ابو بکر صدیقؓ کے مکان پر پھر ان کو ساتھ لے کر غار ثور کی طرف روانہ ہوئے تھے۔

سوال ۱۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کی رات حضرت علیؓ کو کیوں گھر پر چھوڑ دیا تھا؟

جواب: اس لیے کہ لوگوں کو وہ امانتیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس موجود تھیں ان کو واپس کر کے بعد میں مدینہ آ جائیں۔

سوال ۱۴: جب صبح کو دشمنوں نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بجائے حضرت علیؓ کو بستر مبارک پر دیکھا تو غصّے میں تلملا گئے اس وقت کس نے کہا تھا کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو ابو بکر کے گھر تلاش کیا جائے؟

جواب: ابوجہل نے۔

سوال ۱۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ہجرت کے موقع پر حضرت ابو بکرؓ کے ساتھ غار ثور میں کتنے دن قیام فرمایا؟

جواب: تین دن، تین رات۔

سوال ۱۶: غار ثور میں جب حضرت ابو بکرؓ کو سانپ نے ڈس لیا تو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا کیا؟

جواب: جس جگہ سانپ نے کاٹا تھا اس جگہ پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا لعابِ دہن لگا دیا اور تکلیف فوراً ختم ہو گئی۔

سوال ۱۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو بچانے کے لیے اللہ نے غار ثور کے دہانے پر کیا کر دیا تھا؟

جواب: اللہ کے حکم سے مکڑی نے غار کے دہانے پر جالا بنا دیا اور کبوتری نے گھونسلا بنا کر انڈے دے دیے، دشمن جب وہاں پہنچے تو انھیں یہ سب دیکھ کر یقین ہو گیا کہ غار کے اندر کوئی بھی نہیں گیا۔

سوال ۱۸: غار ثور کے منہ پر دشمنوں کو دیکھ کر حضرت ابو بکرؓ کو سخت اضطراب ہوا، اس

وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کیا فرمایا؟

جواب: لَا تَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا "غم نہ کر اللہ ہمارے ساتھ ہے۔"

سوال ۱۹: غار ثور میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو تازہ دودھ کون پہنچایا کرتا تھا؟

جواب: عامرؓ بن فہیرہ جو حضرت ابوبکرؓ کے غلام تھے۔

سوال ۲۰: ہجرت کے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی گرفتاری کے لیے دشمنوں نے کیا انعام رکھا تھا؟

جواب: سواونٹ۔

سوال ۲۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حیاتِ مبارکہ میں دوشنبہ (پیر کا دن) بڑی اہمیت رکھتا ہے، ہجرت کے موقع پر پیر کے دن کون سے اہم واقعات ہوئے؟

جواب: ۱- آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم غار ثور سے قبا کی طرف روانہ ہوئے۔

۲- اوراسی دن قبا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تشریف آوری ہوئی۔

سوال ۲۲: ہجرت کے دوران جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم قدید کے علاقہ میں پہنچے تو سواونٹ کے لالچ میں کس نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا تعاقب کیا تھا؟

جواب: سراقہ بن جعشم نے۔

سوال ۲۳: جب سراقہ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا پیچھا کیا تو اس کے ساتھ کیا حادثہ پیش آیا؟

جواب: سراقہ کی گھوڑی کے پاؤں زمین میں دھنس گئے، وہ ڈر گیا اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے معافی مانگ کر امان حاصل کرلی۔

سوال ۲۴: ہجرت کے سفر میں سراقہ کے علاوہ انعام کے لالچ میں کون حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی تلاش میں نکلا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے اس کی ملاقات ہوئی، اس ملاقات کا کیا نتیجہ نکلا؟

جواب: بریدہ اسلمیؓ، جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملنے کے بعد اپنے ستر ساتھیوں کے

ساتھ مسلمان ہو گئے تھے۔

سوال ۲۵: قبا کہاں ہے؟

جواب: قبا مدینے کے قریب ایک بستی ہے جس میں ہجرت کے وقت حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے قیام فرمایا تھا۔

سوال ۲۶: قبا میں حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کس کے مکان میں ٹھہرے؟

جواب: حضرت کلثومؓ کے گھر میں۔

سوال ۲۷: قبا میں تشریف لانے کے بعد حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے پہلا کام کون سا کیا تھا؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم نے ایک مسجد کی بنیاد رکھی تھی۔

سوال ۲۸: حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی امامت میں سب سے پہلے پڑھا جانے والا جمعہ کون سا تھا؟

جواب: وہ جمعہ، جو بنو سالم کی بستی میں ۱۲ / ربیع الاول کو پڑھا گیا تھا، جس میں تقریباً سو مسلمان شریک تھے۔

سوال ۲۹: جب حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم قبا سے مدینہ کی طرف روانہ ہوئے تو کس پر سوار تھے؟

جواب: اونٹنی پر، جس کا نام قصویٰ تھا۔

سوال ۳۰: مدینہ پہنچنے کے بعد حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کی اونٹنی، جس جگہ بیٹھ گئی تھی وہ کس کی ملکیت تھی؟

جواب: دو کمسن بچوں سہل اور سہیل کی۔

سوال ۳۱: حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم ہجرت کر کے مدینہ پہنچے تو میزبانی کا شرف کس کو حاصل ہوا؟

جواب: حضرت ابو ایوب انصاریؓ کو۔

سوال ۳۲: حضرت محمد صلی اللہ تعالیٰ علیہ وآلہ وسلم کے خاندان کے اس فرد کا نام کیا ہے، جو ہجرت کے بعد

سب سے پہلے قبا میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ملے تھے؟

جواب: حضرت علیؓ۔

سوال ۳۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب مدینہ تشریف لائے تو انصار کی لڑکیوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا کس انداز میں استقبال کیا تھا؟

جواب: انھوں نے ترانہ گا کر اپنی خوشی ظاہر کرتے ہوئے آپ ﷺ کا استقبال کیا تھا۔

سوال ۳۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مدینہ منورہ میں مسجد نبوی کی بنیاد کب رکھی؟

جواب: ربیع الاول ۱ھ میں۔

سوال ۳۵: مسجد نبوی میں سب سے پہلے موذن کون تھے؟

جواب: حضرت بلالؓ۔

سوال ۳۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے ہجرت کے سفر میں وہ کون سے صحابی ملے تھے جو اپنے ساتھیوں کے ساتھ شام سے واپس آرہے تھے؟

جواب: حضرت زبیرؓ بن عوام۔

سوال ۳۷: مسجد نبوی کی زمین رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس طرح حاصل کی تھی؟

جواب: قیمت دے کر۔

اسوۂ حسنہ کے مختلف پہلو

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیسے تھے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سب سے زیادہ خوب صورت اور سب سے بڑھ کر اخلاق والے تھے۔ بچوں سے پیار کرتے، بڑوں کا ادب کرتے، غریبوں سے محبت کرتے، یتیموں کا خیال رکھتے اور سب کا حق ادا کرتے تھے۔

سوال ۲: جب تحویل قبلہ یعنی بیت المقدس کے بجائے خانہ کعبہ کی طرف منہ کر کے نماز پڑھنے کا حکم ملا اس وقت نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کون سی نماز پڑھا رہے تھے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس وقت ظہر کی نماز پڑھا رہے تھے یہ واقعہ ہجرت کے ۱۸ ماہ بعد ۲ ھ میں پیش آیا تھا؟

سوال ۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے پہلے عید الفطر کی نماز کب پڑھائی؟

جواب: یکم شوال ۲ ھ کو۔

سوال ۴: ہجرت کے بعد جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلی بار عمرہ کا ارادہ فرمایا تو آپؐ کے ساتھ کتنے صحابہ کرامؓ تھے؟

جواب: تقریباً چودہ سو۔

سوال ۵: وہ کام، جن کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کیا کرتے تھے کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: سنّت۔

سوال ٦: حدیث کسے کہتے ہیں؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا قول وارشاد، فعل وتقریر اور بیان، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی حرکات وسکنات جس کی تشریح صحابہ کرامؓ نے الفاظ میں کی ہو اس کے علاوہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پسند وناپسند کا بیان بھی 'حدیث' کہلاتا ہے۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی احادیث لکھنے والوں کو کس بات کی خوش خبری دی ہے؟

جواب: مغفرت کی۔

سوال ۸: دوران سفر کون سی چیزیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ساتھ رکھتے تھے؟

جواب: ۱۔تیل کی شیشی ۲۔ کنگھی ۳۔شیشہ ۴۔سرمہ دانی
۵۔مسواک ٦۔قینچی ۷۔سوئی دھاگا۔

سوال ۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنے ساتھیوں سے کس طرح ملتے تھے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ان سے مصافحہ کرتے اور دُعا فرماتے تھے۔

سوال ۱۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو جب کوئی شخص بلاتا تو آپؐ جواب میں کیا فرماتے تھے؟

جواب: لبیک (حاضر ہوں) فرمایا کرتے تھے۔

سوال ۱۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رات کو سونے کا کیا معمول تھا؟

جواب: ۱۔آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم عشا کی نماز سے پہلے نہ سوتے۔
۲۔اس گھر میں نہ سوتے جہاں چراغ نہ جلایا گیا ہو۔
۳۔سونے سے پہلے آنکھوں میں سرمہ لگاتے، مسواک کرتے، وضو کرتے اور کنگھا کرتے۔

سوال ۱۲: کس رنگ کا لباس حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پسند فرماتے تھے؟

جواب: سفید اور ہرا رنگ کا لباس۔

سوال ۱۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ہنسنا کیسا تھا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صرف مسکراتے، قہقہہ مار کر نہ ہنستے۔

سوال ۱۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم اونچائی پر چڑھتے اور اترتے وقت کیا کہتے تھے؟

جواب: چڑھتے وقت تکبیر کہتے اور اترتے وقت تسبیح کہتے۔

سوال ۱۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو جب کوئی من پسند چیز ملتی تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا فرماتے تھے؟

جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْن۔

سوال ۱۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کون سی سبزی زیادہ پسند تھی؟

جواب: کدو۔

سوال ۱۷: کون سا تیل حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم زیادہ پسند فرماتے تھے؟

جواب: زیتون۔

سوال ۱۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے جھنڈے کا رنگ کیسا تھا؟

جواب: سفید۔

سوال ۱۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی مشہور تلوار کا کیا نام تھا؟

جواب: ذوالفقار۔

سوال ۲۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کن چیزوں کے بارے میں فرمایا کہ اگر انھیں کوئی پیش کرے تو قبول کرنا چاہیے؟

جواب: ۱-خوش بو ۲-تکیہ ۳-دودھ ۴-تیل۔

سوال ۲۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی رفتار کیسی تھی؟

جواب: جب آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم چلتے تو ایسا لگتا، جیسے ڈھلان سے اتر رہے ہیں۔

سوال ۲۲: سفر پر روانہ ہونے سے پہلے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کیا کرتے تھے؟

جواب: دو رکعت نماز نفل ادا کرتے اس کے بعد سفر فرماتے۔

سوال ۲۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم صدقہ اور ہدیہ میں سے کون سا قبول فرماتے تھے؟

جواب: ہدیہ۔

سوال ۲۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی دس حدیثیں یاد کیجیے۔

جواب: ۱- جنت ماں کے پیروں تلے ہے۔

۲- رب (اللہ) کی خوشی باپ کی خوشی میں ہے۔

۳- دوسروں کے ساتھ نیکی کرنا بہتر اخلاق ہے۔

۴- سچائی نیکی کی طرف لے جاتی ہے۔

۵- جو رحم نہیں کرتا اس پر رحم نہیں کیا جاتا۔

۶- ٹاٹ مٹول شیطان کا شعار ہے جس کو وہ مسلمانوں کے دل میں بٹھاتا ہے۔

۷- نیکیوں کے کام بری موت سے بچاتے ہیں۔

۸- سادگی ایمان کا ایک حصہ ہے۔

۹- خدا ان لوگوں کو عذاب دے گا جو لوگوں کو ستاتے ہیں۔

۱۰- نماز دین کا ستون ہے۔

سوال ۲۵: بتایئے سب سے پہلے قرآن کا حافظ کون ہیں؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم۔

سوال ۲۶: مکے اور مدینے میں کتنے عرصہ تک حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر قرآن نازل ہوا؟

جواب: مکّے میں ۱۳ سال اور مدینے میں ۱۰ سال۔

سوال ۲۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دو قریبی رشتہ داروں کے نام قرآن مجید میں آئے ہیں، بتایئے وہ کون ہیں؟

جواب: ۱- حضرت زیدؓ بن حارثہ جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ بولے بیٹے تھے۔

۲- ابولہب جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا چچا ہونے کے ساتھ ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا جانی دشمن تھا۔

سوال ۲۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو قرآن پاک میں یَآاَیُّھَا النَّبِیُّ کہہ کر پکارا گیا ہے، بتایئے کتنی بار؟

جواب: گیارہ مرتبہ۔

سوال ۲۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا اسم گرامی 'محمد' اور 'احمد' قرآن میں کتنی بار آئے ہیں؟

جواب: 'محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم' چار بار اور 'احمد' ایک بار۔

سوال ۳۰: وہ کون سی پہلی مکمل سورہ ہے جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر نازل ہوئی؟

جواب: سورہ فاتحہ (الحمد شریف)

سوال ۳۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم پر آخری وحی کون سی نازل ہوئی؟

جواب: سورہ بقرہ کی آیت ۲۸۱ اور بعض روایات کے مطابق سورہ مائدہ کی آیت ۳۔

سوال ۳۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو آرائش کی چیزوں میں سب سے زیادہ کون سی چیز پسند تھی؟

جواب: خوش بو۔

سوال ۳۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو کوئی ناخوش گوار معاملہ پیش آتا تو آپ کیا فرماتے؟

جواب: اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ عَلٰی کُلِّ حَالٍ

سوال ۳۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب کوئی چیز دوستوں کو پلاتے تو کیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم سب سے پہلے دوست واحباب کو پلاتے اس کے بعد خود نوش فرماتے تھے۔

سوال ۳۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے اپنے اوقات کو کس طرح تقسیم کر رکھا تھا؟

جواب: ۱- ایک حصہ اللہ کی عبادت کے لیے۔

۲- ایک حصہ اہل خانہ کے معاشرتی حقوق ادا کرنے کے لیے۔

۳- ایک حصہ اپنے نفس کی راحت کے لیے۔

سوال ۳۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کن تین چیزوں سے خود کو بچائے رکھا؟

جواب: ریاونمود سے، زیادہ بولنے سے، بے مقصد باتوں سے۔

سوال ۳۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم جب بچوں کے پاس سے گزرتے تو کیا کرتے؟

جواب: بچوں کو سلام کرتے اور اگر سواری پر ہوتے تو انھیں بھی سوار کر لیتے۔

سوال ۳۸: بتائیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی چیز کو کون سے ہاتھ سے لیتے اور کون سے ہاتھ سے دیتے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی بھی چیز کو دائیں ہاتھ سے لیتے اور دائیں ہاتھ ہی سے دیتے۔

سوال ۳۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا رونا کیسا تھا؟

جواب: آواز نہ ہوتی۔ صرف آنسو بہہ جاتے تھے اور سینے سے ہلکی ہلکی آواز آتی تھی۔

سوال ۴۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کسی کے گھر تشریف لے جاتے تو کس طرح اجازت لیتے تھے؟

جواب: گھر والوں کی اطلاع کے لیے تین مرتبہ 'السلام علیکم' فرماتے، دروازے کے سامنے نہ کھڑے ہوتے بلکہ دائیں یا بائیں جانب کھڑے ہوتے۔ اندر سے کوئی جواب نہ ملتا تو واپس تشریف لے جاتے تھے۔

سوال ۴۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا اسم گرامی سن کر کیا کرنا چاہیے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر درود شریف پڑھنا چاہیے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّ بَارِکْ وَ سَلِّمْ۔

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا آخری وقت

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کا وصال کب ہوا تھا؟

جواب: چاشت کے وقت پیر کے دن ۱۲/ربیع الاول ۱۱ھ کو۔

سوال ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی تدفین کب مکمل ہوئی تھی؟

جواب: ۱۳/اور ۱۴/ربیع الاول کی درمیانی رات کو۔

سوال ۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وصال سے قبل مسجد نبوی میں کون سی نماز ادا کی تھی؟

جواب: ظہر کی نماز۔

سوال ۴: وصال کے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عمر مبارک کتنی تھی؟

جواب: ۶۳ سال۔

سوال ۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نزع کی گھڑیوں میں بے چینی محسوس کرتے تو آپ کیا کرتے تھے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کے پاس پانی کا ایک پیالہ تھا اس میں ہاتھ ڈالتے اور اسے روئے مبارک پر پھیر لیتے کبھی چادر سے روئے انور ڈھانکتے اور کبھی ہٹا لیتے کبھی ایک پاؤں پھیلاتے کبھی دوسرا پاؤں پھیلا دیتے۔

سوال ۶: جب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی نزع کی تکلیف کو دیکھ کر حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا غم کی شدت سے بے اختیار پکار اٹھیں 'ہائے میرے باپ کی بے چینی' اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کیا ارشاد فرمایا تھا؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا 'بیٹی آج کے بعد تیرا باپ بے چین نہ ہوگا'۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے فوراً بعد کی حضرت عائشہؓ کیا کیفیت بیان فرماتی ہیں؟

جواب: حضرت عائشہؓ فرماتی ہیں کہ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا بدن مبارک ایسی خوش بو سے مہکنے لگا کہ میں نے آج تک ایسی خوش بو نہ سونگھی تھی اور وہ مہک میرے ہاتھوں میں کئی دن برقرار رہی۔

سوال ۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو غسل کس نے دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ اور فضلؓ بن عباس نے۔ حضرت اسامہؓ نے پردہ کر رکھا تھا اور حضرت سکرانؓ و حضرت عباسؓ پانی لا رہے تھے۔

سوال ۹: جب صحابہ کرامؓ میں اس بات پر اختلاف ہوا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کہاں ہو تو حضرت ابوبکرؓ نے کون سی فیصلہ کن بات کہی تھی؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ نے کہا کہ میں نے خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے منہ سے سنا ہے کہ نبی وہیں دفن ہوتا ہے جہاں پر اللہ نے اس کی روح قبض کی ہو۔

سوال ۱۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کس جگہ ہوئی تھی؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ کے حجرے میں۔

سوال ۱۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کس نے تیار کی تھی؟

جواب: حضرت ابوطلحہؓ نے۔

سوال ۱۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک کیسی تھی؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر بغلی یعنی لحد کھودی گئی تھی۔

سوال ۱۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز جنازہ کی امامت کس نے کی تھی؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نماز جنازہ کا کوئی امام نہ تھا بلکہ لوگ گروہ در گروہ حجرہ میں داخل ہوتے اور نماز ادا کر کے چلے جاتے تھے۔

سوال ۱۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے جسم مبارک کو رکھنے کے لیے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک میں کون کون اترے تھے؟

جواب: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قبر مبارک میں اترنے کا شرف حضرت علیؓ، حضرت فضل بن عباسؓ، حضرت اسامہ بن زیدؓ اور حضرت اویسؓ بن خولی کو حاصل ہوا۔

سوال ۱۵: بتائیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب قبرستان (جنت البقیع) سے تشریف لائے تو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو کون سی بیماری ہوگئی تھی؟

جواب: سر درد۔

سوال ۱۶: جس بیماری میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا انتقال ہوا اس کی شروعات کب سے ہوئی تھی؟

جواب: ۱۹ر صفر ۱۱ھ کو۔

سوال ۱۷: بتائیے جب آخری بیماری شروع ہوئی تب حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کس بیوی کے یہاں تھے؟

جواب: ام المومنین حضرت میمونہؓ کے یہاں۔

سوال ۱۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب شدید بیمار ہوئے تو حضرت عائشہؓ کے گھر کیسے گئے اور آخری لمحات تک وہاں کتنے دن قیام رہا؟

جواب: حضرت علیؓ و حضرت عباسؓ کے سہارے حضرت عائشہؓ کے حجرے تک گئے اور آخری لمحات تک سات دن وہاں قیام فرمایا۔

سوال ۱۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے وصال سے کتنے دن قبل مسجد نبوی میں نماز ادا کی تھی؟

جواب: پانچ روز قبل۔

سوال ۲۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری نماز کون سی پڑھائی؟

جواب: نماز مغرب۔

سوال ۲۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب بہت بیمار ہوئے تو کسے نماز پڑھانے کے لیے آگے بڑھایا؟

جواب: حضرت ابوبکرؓ کو۔

سوال ۲۲: اپنی حیات مبارکہ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے سب سے آخری لشکر کہاں بھیجا؟

جواب: بیماری سے ایک روز پہلے رومیوں کے خلاف فوج کو روانہ کیا جس کے سالار حضرت اسامہؓ بن زید تھے۔

سوال ۲۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی رحلت سے چند لمحات قبل کیا فرمایا تھا؟

جواب: 'نماز نماز اور تمھارے لونڈی غلام' یعنی نماز کی پابندی کرنا اور اپنی باندیوں اور غلاموں کا خیال رکھنا۔

سوال ۲۴: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری الفاظ کیا تھے؟

جواب: اَللّٰھُمَّ الرفیق الاعلی

سوال ۲۵: جب نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے آخری سانس لی اس وقت کی کیفیت مختصر بیان کیجیے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پیر کے دن آخری بار سنبھالا لیا، مسواک کی، پردہ اٹھا کر صحابہ کرامؓ کی جماعت کو دیکھا، مسکرائے، تین بار فرمایا اَللّٰھُمَّ الرفیق الاعلی اور حضرت عائشہؓ کی گود میں سر رکھے رکھے خدائے بزرگ و برتر سے جا ملے

سوال ۲۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں آخری بار کس نے مسواک پیش کی تھی؟

جواب: حضرت عبدالرحمن بن ابوبکرؓ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات سے کچھ دیر پہلے حضرت عائشہؓ کے حجرے میں داخل ہوئے ان کے ہاتھ میں مسواک تھی آپؐ کی نگاہیں مسواک پر جم گئیں۔ حضرت عائشہؓ نے مطلب سمجھ کر مسواک کو نرم کیا اور پھر آپؐ کی خدمت میں پیش کی۔

سوال ۲۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے وقت کتنے صحابہؓ قرآن پاک کے حافظ تھے؟

جواب: ۲۲ صحابہ کرامؓ۔

غزوات رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور صحابۂ کرام

سوال ۱: غزوہ کسے کہتے ہیں

جواب: وہ جنگ جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم بذات خود شریک ہوئے 'غزوہ' کہلاتی ہے۔

سوال ۲: جن جنگوں میں خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک ہوئے ان کی تعداد کیا ہے؟

جواب: جن معرکوں میں خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم شریک ہوئے روایات کے مطابق ان کی تعداد مختلف ہے بعض کے مطابق ۲۷ یا ۲۱ یا ۲۴ اور بعض کے مطابق ۱۹ غزوات کی روایت ملتی ہے۔

سوال ۳: سریہ کسے کہتے ہیں؟

جواب: جس جنگ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی نیابت صحابہ میں سے کسی کو سونپی گئی ہو 'سریہ' کہلاتی ہے۔

سوال ۴: جنگ بدر کب ہوئی؟

جواب: ۱۷ رمضان ۲ ھ۔

سوال ۵: غزوۂ بدر میں کتنے مسلمان شہید ہوئے؟

جواب: غزوۂ بدر میں ۶ مہاجرین اور ۸ انصار شہید ہوئے۔

سوال ۶: غزوہ بدر میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی خدمت میں ابوجہل کا سر کس نے پیش کیا تھا؟

جواب: حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ بن مسعود نے۔

سوال ۷: بتایئے جنگ کے بعد حضرت محمد ﷺ نے میدان بدر میں کتنے دن قیام فرمایا؟

جواب: تین دن تک۔

سوال ۸: غزوۂ بدر میں مسلمانوں کے ہاتھوں لشکر قریش کے کتنے آدمی گرفتار اور کتنے قتل کیے گئے؟

جواب: ۷۰ آدمی قتل اور ۷۰ ہی قید کیے گئے۔

سوال ۹: جنگ بدر میں کون فتح یاب ہوا؟

جواب: حضرت محمد ﷺ اور آپ ﷺ کے ساتھی۔

سوال ۱۰: غزوۂ بدر میں اسلامی فوجیوں کی کل تعداد کیا تھی؟

جواب: ۳۱۳ (تین سو تیرہ)۔

سوال ۱۱: غزوۂ بدر میں کافر فوجیوں کی تعداد بتایئے؟

جواب: ۱۰۰۰ (ایک ہزار)۔

سوال ۱۲: حضرت محمد ﷺ کس دن مدینہ منورہ سے غزوۂ اُحد کے لیے روانہ ہوئے؟

جواب: ۱۱/شوال ۳ھ کو۔

سوال ۱۳: حضرت محمد ﷺ کے ساتھ اُحد کی طرف روانہ ہونے والا وہ کون شخص تھا جو کچھ دور جانے کے بعد اپنے تین سو ساتھیوں کے ساتھ الگ ہو گیا تھا؟

جواب: منافقوں کا سردار عبداللہ بن ابی۔

سوال ۱۴: بتایئے حضرت محمد ﷺ نے جنگ اُحد میں عَلَم کس صحابی کو عنایت فرمایا تھا؟

جواب: حضرت مصعب بن عمیرؓ کو۔

سوال ۱۵: حضرت محمد ﷺ کے غزوۂ اُحد میں کتنے دانت مبارک شہید ہوئے تھے؟

جواب: چار۔

سوال ۱۶: جنگ اُحد میں حضرت محمد ﷺ کو کفار کی تیر اندازی سے بچانے کے لیے کن

دو صحابہ کرامؓ نے خود کو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے ڈھال بنالیا تھا اور وہ تیروں سے چھلنی ہو گئے تھے؟

جواب: حضرت ابو دجانہؓ اور حضرت طلحہؓ۔

سوال ۱۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے لگاتار تیس دن تک شہدائے رجیع (ستر مبلغین) کے قاتلوں کے لیے نماز فجر کے بعد جو بددعا فرمائی تھی وہ کیا کہلاتی ہے؟

جواب: قنوت نازلہ۔

سوال ۱۸: اس غزوہ کا نام بتایئے جس میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مسلسل چار نمازیں قضا ہوئیں؟

جواب: غزوۂ احزاب میں کیوں کہ مسلسل تیر اندازی اور سنگ باری کی وجہ سے اپنی جگہ سے ہٹنا ممکن نہ ہو سکا۔

سوال ۱۹: بتایئے غزوہ اُحد کے کچھ دن بعد ۳ھ میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اللہ تعالیٰ نے کن احکامات سے نوازا؟

جواب: ۱- سود خوری کے ترک کے لیے ابتدائی نصیحت۔

۲- یتیموں کے بارے میں احکام۔

۳- وراثت کے متعلق قانون کا اجرا۔

۴- قانون، ازدواج حقوق الزوجین اور مشرک عورتوں سے نکاح کی ممانعت

سوال ۲۰: غزوۂ بنو نضیر اور غزوۂ بدر ثانی کب پیش آئے؟

جواب: غزوۂ بنو نضیر ربیع الاول ۴ھ اور غزوۂ بدر ثانی ذی قعدہ ۴ھ میں ہوا۔

سوال ۲۱: اس غزوہ کا نام بتایئے، جس میں تصادم نہیں ہوا؟

جواب: غزوۂ دومۃ الجندل۔

سوال ۲۲: حکم تیمم کا نزول حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر کس غزوہ میں نازل ہوا؟

جواب: غزوۂ بنو مصطلق کے سفر میں۔

سوال ۲۳: جس وقت غزوۂ خندق پیش آیا اس وقت تین طاقتیں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کی عداوت اور اسلام دشمنی میں پیش پیش تھیں بتائیے کون؟

جواب: ۱- قریش مکہ۔
۲- عرب کے مشرک قبائل۔
۳- مدینہ طیبہ میں آباد یہودی قبائل۔

سوال ۲۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم کو خندق کھودنے کا مشورہ کس نے دیا تھا؟

جواب: حضرت سلمان فارسیؓ نے۔

سوال ۲۵: بنو قریظہ کی سرکوبی کے لیے ان کا محاصرہ کرنے کا حکم حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے کس کو دیا تھا؟

جواب: حضرت علیؓ کو۔

سوال ۲۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے وہ کون سی صلح کی جو ایک کنویں کے نام پر ہے اور قرآن پاک میں اسے 'فتح مبین' کہا گیا ہے؟

جواب: صلح حدیبیہ (حدیبیہ ایک کنویں کا نام تھا)۔

سوال ۲۷: بیت رضوان کیا ہے؟ اور حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے یہ بیعت کیوں لی تھی؟

جواب: صلح حدیبیہ کے موقع پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم نے حضرت عثمانؓ کو قریش کے پاس گفتگو کرنے کے لیے بھیجا تھا اسی اثنا میں یہ افواہ پھیل گئی کہ اہل مکہ نے حضرت عثمانؓ کو شہید کر دیا ہے۔ آپؐ نے فرمایا کہ جب تک عثمانؓ کے خون کا بدلہ نہیں لے لیں گے یہاں سے نہیں ہٹیں گے۔ صحابہؓ کو حکم دیا گیا وہ جان کی بازی لگا دینے کے لیے بیعت کریں۔ اس وقت آپ صلی اللہ علیہ وآلہٖ وسلم ایک پیڑ کے نیچے تشریف فرما تھے، ایک ایک کر کے صحابۂ کرامؓ سے بیعت لی، آخر میں آپؐ نے خود اپنا ایک دست مبارک تھاما اور فرمایا یہ عثمانؓ کی طرف سے ہے، تاریخ اسلام میں یہ 'بیعت رضوان' کے نام سے مشہور ہے۔

سوال ۲۸: جنگ حنین کے قیدیوں میں وہ کون تھا، جس کی باتیں سن کر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو اپنا بچپن یاد آ گیا اور آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی مبارک آنکھوں سے آنسو بہہ نکلے تھے۔

جواب: بی بی حلیمہؓ کی بیٹی شیما (جو آپ کی رضاعی بہن تھی)۔

سوال ۲۹: غزوۂ موتہ کے موقع پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس کس کو اسلامی لشکر کا کمانڈر مقرر کیا تھا؟

جواب: ۱- زیدؓ بن حارثہ (اگر وہ شہید ہو جائیں تو)
۲- جعفرؓ بن ابی طالب (اگر وہ شہید ہو جائیں تو)
۳- عبداللہؓ بن رواحہ (اگر وہ شہید ہو جائیں تو مسلمان، جس کو چاہیں اپنا امیر مقرر کر لیں)

سوال ۳۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جب مدینے سے مکّے پر لشکر کشی کا ارادہ کیا تو آپؐ کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے؟

جواب: دس ہزار۔

سوال ۳۱: بتائیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مکہ فتح کرنے کے بعد شہر میں داخل ہو رہے تھے تو کون سی سورہ تلاوت فرما رہے تھے؟

جواب: سورہ فتح۔

سوال ۳۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے جنگ موتہ کے دن 'سیف اللہ' کا لقب کس کو دیا تھا؟

جواب: حضرت خالدؓ بن ولید کو۔

سوال ۳۳: غزوۂ تبوک میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کتنے مجاہدین تھے؟

جواب: تیس ہزار۔

سوال ۳۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے آخری غزوہ کا نام بتائیے؟

جواب: غزوۂ تبوک۔

سوال ۳۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے 'امین الامت' کا لقب کس صحابی کو عطا فرمایا تھا؟

جواب: حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح کو۔

سوال۳۶: وہ کون صحابی ہیں جن کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت عیسیٰ کا ہم شکل قرار دیا تھا؟

جواب: حضرت عروہؓ بن مسعود ثقفی۔

سوال۳۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے غریب مہاجرین اور بعض انصار صحابہ کرامؓ کے رہنے کے لیے ایک جگہ خاص کردی تھی۔ اس جگہ کو کون سا نام دیا گیا؟

جواب: صفّہ۔

سوال۳۸: عشرہ مبشرہ (جن دس صحابہ کرامؓ کو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ان کی زندگی میں جنت کی خوش خبری دی تھی) کے اسماء گرامی کیا ہیں؟

جواب:

حضرت ابوبکرؓ	حضرت عمرؓ فاروق
حضرت عثمانؓ غنی	حضرت علیؓ مرتضیٰ
حضرت زبیرؓ بن عوام	حضرت سعدؓ بن عبداللہ
حضرت سعیدؓ بن زید	حضرت سعدؓ بن ابی وقاص
حضرت عبدالرحمنؓ بن عوف	حضرت ابوعبیدہؓ بن جراح

سوال۳۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے مسجد نبوی کا مؤذن کب اور کس کو مقرر فرمایا تھا؟

جواب: حضرت بلال کو ۲ھ میں جب کہ اذان کا آغاز ہوا تھا۔

سوال۴۰: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے کس صحابی کے حق میں تفسیر کلام پاک اور دین میں عطائے فہم کی دُعا کی تھی؟

جواب: حضرت عبداللہؓ بن عباس کے لیے۔

سوال۴۱: کن صحابی کو یہ شرف حاصل ہوا جن کے لیے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے درازیِ عمر، مال کی کثرت اور کثرتِ اولاد کی دعا کی تھی؟

جواب: حضرت انسؓ بن مالک کو یہ شرف حاصل ہوا تھا۔

سوال ۴۲: صحابہ کرامؓ میں سے کس کے لیے حضرت محمدؐ نے 'مستجاب الدعوات' ہونے کی دعا فرمائی تھی؟

جواب: حضرت سعدؓ بن ابی وقاص کے لیے۔

سوال ۴۳: ابتدائی مسلمانوں میں ان صحابی کا نام بتایئے، جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ہم عمر تھے؟

جواب: عمارؓ بن یاسرؓ۔

سوال ۴۴: 'محبوبِ رسول' کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ۔

سوال ۴۵: صحابہ کرامؓ میں 'حوارئِ رسول' کون کہلاتے تھے؟

جواب: حضرت زبیرؓ بن عوام۔

سوال ۴۶: 'خلیلِ رسول' کس صحابی کو کہا جاتا ہے؟

جواب: حضرت ابوذر غفاریؓ کو۔

سوال ۴۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ ساتھی، جو ایمان لائے، آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو دیکھا، آپؐ کی صحبت میں رہے اور اسلام پر ان کا خاتمہ ہوا، کیا کہلاتے ہیں؟

جواب: صحابی، جس کی جمع صحابہ ہے۔

سوال ۴۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے صحابہ میں سے کس کو عبرانی زبان سیکھنے کا حکم دیا تھا؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ کو۔

سوال ۴۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چند کثیر الروایات (زیادہ حدیث بیان کرنے والے) صحابہ کرامؓ کے اسمائے گرامی بتایئے؟

جواب: ۱- حضرت ابوہریرہؓ ۵۳۴۷ احادیث

۲- حضرت عبداللہ بن عمرؓ ۳۶۳۰ احادیث

۳- حضرت عبداللہ بن عباسؓ ۲۶۶۰ احادیث

۴- حضرت انسؓ بن مالک	۲۲۸۶	احادیث
۵- حضرت سعید خدریؓ	۱۷۸۷	احادیث
۶- حضرت جابرؓ بن عبداللہ	۱۵۴۰	احادیث
۷- حضرت ابوبکر صدیقؓ	۵۰۰	احادیث

❀❀❀

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کی پاک بیویاں

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کی تعداد بتایئے؟

جواب: گیارہ۔

سوال ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیویوں کے اسماء گرامی بتایئے اور یہ بھی بتایئے وہ کب آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں آئیں؟

جواب:

۱- حضرت خدیجہؓ بنت خویلد	۲۵ میلاد النبی
۲- حضرت سودہؓ بنت زمعہ	۱۰ نبوت کے سال
۳- حضرت عائشہؓ بنت ابوبکرؓ	۱۱ نبوت کے سال رخصتی 1ھ
۴- حضرت حفصہؓ بنت عمر فاروقؓ	۳ھ
۵- حضرت زینبؓ بنت خزیمہ	۳ھ
۶- حضرت ام سلمہؓ بنت ابی امیہ	۴ھ
۷- حضرت زینبؓ بنت جحش	۵ھ
۸- حضرت جویریہؓ بنت حارث بن ابی ضرار	۵ھ
۹- حضرت ام حبیبہؓ بنت ابوسفیانؓ	۶ھ
۱۰- حضرت صفیہؓ بنت حی بن اخطب	۷ھ
۱۱- حضرت میمونہؓ بنت حارث	۷ھ

سوال ۳: نکاح کے وقت ہر زوجہ مطہرہ کی عمر بتاتے ہوئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عمر مبارک کا بھی ذکر کیجیے؟

جواب: ۱- بہ وقت نکاح حضرت خدیجہ ۴۰ سال اور محمدؐ ۲۵ سال

۲- بہ وقت نکاح حضرت سودہؓ ۵۰ سال اور محمدؐ ۵۰ سال

۳- بہ وقت نکاح حضرت عائشہؓ ۹ سال اور محمدؐ ۵۰ سال

۴- بہ وقت نکاح حضرت حفصہؓ ۲۲ سال اور محمدؐ ۵۵ سال

۵- بہ وقت نکاح حضرت زینبؓ ۳۰ سال اور محمدؐ ۵۵ سال

۶- بہ وقت نکاح حضرت ام سلمہؓ ۲۶ سال اور محمدؐ ۵۶ سال

۷- بہ وقت نکاح حضرت زینب بن جحشؓ ۳۶ سال اور محمدؐ ۵۷ سال

۸- بہ وقت نکاح حضرت جویریہؓ ۲۰ سال اور محمدؐ ۵۷ سال

۹- بہ وقت نکاح حضرت ام حبیبہؓ ۳۶ سال اور محمدؐ ۵۸ سال

۱۰- بہ وقت نکاح حضرت صفیہؓ ۱۴ یا ۱۷ سال اور محمدؐ ۵۹ سال

۱۱- بہ وقت نکاح حضرت میمونہؓ ۳۶ سال اور محمدؐ ۵۹ سال

سوال ۴: ازدواج مطہرات میں لکھنا کون جانتی تھیں؟

جواب: حضرت حفصہؓ۔

سوال ۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج میں سے عمدہ شاعرہ کون کون تھیں؟

جواب: حضرت عائشہؓ اور حضرت ام سلمٰیؓ۔

سوال ۶: کس زوجہ مطہرہ کے نکاح کے موقع پر پردہ کی آیت نازل ہوئی؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کو قرآن کی کس سورہ میں امت کی مائیں کہا گیا ہے؟

جواب: سورہ احزاب آیت ۴ میں (نبی کی بیویاں امت کی مائیں ہیں)۔

سوال ۸: ازواج مطہرات میں وہ کون تھیں، جو مکمل حافظ قرآن تھیں؟

جواب: حضرت عائشہؓ، حضرت حفصہؓ، حضرت ام سلمٰیؓ۔

سوال ۹: ان ام المومنین کا نام کیا ہے، جن سے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی خواہش سے نہیں بلکہ اللہ تعالیٰ کے حکم سے نکاح کیا تھا؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت جحش۔

سوال ۱۰: بعض ازواج مطہرات کے کہنے پر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے شہد استعمال نہ کرنے کا عہد کرلیا تھا بتایئے اس بات کا ذکر قرآن کی کس سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ تحریم کی آیت ۱ اور ۲ میں۔

سوال ۱۱: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح سے پہلے ازواج مطہرات میں سے بیوہ کون تھیں؟

جواب: حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا کے علاوہ باقی سب بیوہ تھیں۔

سوال ۱۲: امہات المومنین میں سے کس کس نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے نکاح کے وقت اسلام قبول کیا تھا؟

جواب: حضرت صفیہ، حضرت جویریہ رضی اللہ عنہا

سوال ۱۳: ازواج مطہرات میں سب سے کم عمر پانے والی کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت زینب رضی اللہ عنہا بنت خزیمہ۔

سوال ۱۴: سب سے لمبی عمر پانے والی زوجہ مطہرہ کا اسم گرامی کیا ہے؟

جواب: حضرت ام سلمیٰ رضی اللہ عنہا۔

سوال ۱۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی زوجہ تھیں، جنھیں جبریل علیہ السلام نے سلام کیا تھا؟

جواب: حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا اور حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا۔

سوال ۱۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے حضرت خدیجہ رضی اللہ عنہا کی نماز جنازہ کیوں نہیں پڑھائی تھی جب کہ ان کا انتقال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں ہوا تھا؟

جواب: اس وقت تک نماز جنازہ فرض نہیں ہوئی تھی۔

سوال ۱۷: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی اس زوجہ مطہرہ کا نام بتایئے، جو سب سے زیادہ بلند قد تھیں؟

جواب: حضرت سودہ رضی اللہ عنہا۔

سوال ۱۸: رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو چار سے زیادہ بیویوں کی اجازت قرآن کی کس سورہ میں ہے؟

جواب: سورہ احزاب کی آیت ۵۰۔

سوال ۱۹: امہات المومنین میں کون تھیں جو حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی پھوپھی زاد تھیں؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت جحش۔

سوال ۲۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان پاک بیوی کا نام بتایئے جو جنگ خیبر میں قید ہوکر آئی تھیں۔

جواب: حضرت صفیہؓ۔

سوال ۲۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نکاح میں آنے سے پہلے اسلام کی راہ میں ہجرت کرنے والی ازواج مطہرات کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت سودہؓ حضرت ام سلمہؓ حضرت ام حبیبہؓ

سوال ۲۲: کس زوجہ مطہرہ کے پہلے شوہر حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے رضاعی بھائی تھے؟

جواب: ام المومنین حضرت ام سلمہؓ کے۔

سوال ۲۳: ام المومنین ام حبیبہؓ کا اصل نام بتایئے؟

جواب: رملہؓ بنت ابوسفیان۔

سوال ۲۴: ازواج مطہرات کی روایت کردہ احادیث کی تعداد بتایئے؟ ۲۲۱۰

جواب:
۱- حضرت عائشہ صدیقہؓ ۲۲۱۰
۲- حضرت ام سلمہؓ ۳۷۸
۳- حضرت میمونہؓ ۴۶
۴- حضرت ام حبیبہؓ ۴۵
۵- حضرت حفصہؓ ۴۰

سوال ۲۵: امہات المومنین میں ان کا نام بتایئے جن کی موجودگی میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

نے دوسری شادی نہیں کی تھی؟

جواب: حضرت خدیجہؓ۔

سوال ۲۶: نبی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ازواج مطہرات میں سے کس کی نماز جنازہ خود پڑھائی تھی؟

جواب: صرف حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کی۔

سوال ۲۷: ازواج مطہرات میں سے 'ام المساکین' کن کا لقب تھا؟

جواب: حضرت زینبؓ بنت خزیمہ کا۔ وہ اپنی فیاضی اور مساکین وفقرا کو کثرت سے کھانا کھلانے کی وجہ سے اس لقب سے مشہور تھیں۔

سوال ۲۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی پاک بیوی ہیں جن کی اوڑھنی سے جنگ بدر میں اسلامی پرچم بنایا گیا تھا؟

جواب: حضرت عائشہ صدیقہؓ۔

سوال ۲۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وصال کے وقت آپ کی کتنی ازواج مطہرات حیات تھیں؟

جواب: نو۔

سوال ۳۰: آخری حج میں حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ساتھ کون کون سی ازواجِ مطہرات تھیں؟

جواب: سب کی سب۔

سوال ۳۱: آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ازواج مطہرات کی امتیازی شان کیا ہے؟

جواب: تمام ازواج مطہرات امت کی مائیں ہیں۔

❁❁❁

حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور آپؐ کی اولاد

سوال ۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کل کتنی اولادیں تھیں؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے تین بیٹے اور چار بیٹیاں تھیں۔

سوال ۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بیٹیوں کے اسماء گرامی بتایئے؟

جواب: حضرت زینبؓ، حضرت رقیہؓ، حضرت ام کلثومؓ، حضرت فاطمہؓ۔

سوال ۳: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹوں کے نام کیا تھے؟

جواب: حضرت قاسمؓ، حضرت عبداللہؓ، حضرت ابراہیمؓ۔

سوال ۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی سب سے پہلی اور سب سے آخری اولاد کا نام بتایئے؟

جواب: سب سے پہلے حضرت قاسمؓ اور سب سے آخری میں حضرت ابراہیمؓ پیدا ہوئے۔

سوال ۵: بتایئے رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحب زادیوں میں سب سے بڑی اور سب سے چھوٹی کون ہیں؟

جواب: سب سے بڑی حضرت زینبؓ اور سب سے چھوٹی حضرت فاطمہؓ ہیں۔

سوال ۶: نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحب زادوں کے نام بتایئے جو نبوت ملنے سے پہلے پیدا ہوئے؟

جواب: صرف حضرت قاسمؓ۔

سوال ۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے ان صاحب زادوں کا کیا نام تھا جو بعثت کے بعد پیدا ہوئے یہ بھی بتایئے وہ کہاں پیدا ہوئے؟

جواب: ۱- حضرت عبداللہؓ (جو مکہ مکرمہ میں پیدا ہوئے)

۲-حضرت ابراہیمؓ (جو مدینہ منورہ میں پیدا ہوئے)

سوال ۸: وہ کون خوش نصیب ہیں جن کو خود حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنا بیٹا کہا ہے؟

جواب: حضرت زیدؓ بن حارثہ (منہ بولے بیٹے)

سوال ۹: انتقال کے وقت حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بیٹوں کی عمریں کیا تھیں؟

جواب: ا-حضرت قاسمؓ ۔دو سال کی عمر میں انتقال فرما گئے تھے۔
۲-حضرت عبداللہؓ کا بچپن میں انتقال ہو گیا تھا۔
۳-حضرت ابراہیمؓ (جو ماریہ قبطیہ سے تھے) ان کا انتقال ۱۸ ماہ کی عمر میں ہو گیا تھا۔

سوال ۱۰: قرآن مجید کی سورہ کوثر کا تعلق حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے کس صاحب زادہ کی وفات سے ہے؟

جواب: حضرت عبداللہ۔جن کی وفات پر ابولہب اور کفار قریش نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 'جڑ کٹا' ہونے کا طعنہ دیا تھا۔

سوال ۱۱: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ان صاحب زادیوں کے نام کیا ہیں جو آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی زندگی میں ہی انتقال فرما گئی تھیں؟

جواب: حضرت زینبؓ ،حضرت ام کلثومؓ ،حضرت رقیہؓ۔

سوال ۱۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ایک صاحب زادی کا انتقال آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وفات کے بعد ہوا تھا ان کا نام کیا ہے؟ اور بتایئے کتنے عرصہ بعد انتقال ہوا تھا؟

جواب: حضرت فاطمہ زہرہؓ جن کا انتقال حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے چھے ماہ بعد ہوا تھا۔

سوال ۱۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کتنی نواسیاں تھیں؟ ان کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چار نواسیاں تھیں۔ان کے نام اس طرح ہیں۔
حضرت امامہؓ، حضرت فاطمہؓ، حضرت زینبؓ، حضرت ام کلثومؓ۔

سوال ۱۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسوں کے نام بتایئے؟

جواب: حضرت علیؓ حضرت حسنؓ حضرت حسینؓ
حضرت محسنؓ حضرت عبداللہ

سوال ۱۵: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی صاحب زادی ہیں جن کی کوئی اولاد نہیں تھی؟

جواب: حضرت ام کلثومؓ۔

سوال ۱۶: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے وہ کون سے داماد ہیں جن کے نکاح میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے اپنی دو بیٹیاں دے دی تھیں؟ ان بیٹیوں کے نام بھی بتایئے؟

جواب: حضرت عثمانؓ جن کے نکاح میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے پہلے حضرت رقیہؓ اور ان کے انتقال کے بعد حضرت ام کلثومؓ کو دے دیا تھا۔

سوال ۱۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحب زادی حضرت زینبؓ کے شوہر کا کیا نام تھا؟

جواب: حضرت ابوالعاصؓ بن ربیع۔

سوال ۱۸: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی چھوٹی بیٹی حضرت فاطمہؓ کے شوہر کا نام بتایئے؟

جواب: حضرت علیؓ۔

سوال ۱۹: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کون کون سی بیٹی نے ہجرت کی تھی؟

جواب: سب نے۔

سوال ۲۰: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحب زادیوں حضرت رقیہؓ اور حضرت ام کلثومؓ کے پہلے نکاح کن سے ہوئے تھے اور ان کا کیا انجام ہوا تھا؟

جواب: حضرت رقیہؓ کا نکاح عتبہ سے اور حضرت ام کلثومؓ کا نکاح عتیبہ سے ہوا تھا۔ یہ دونوں ابولہب کے بیٹے تھے۔ ابولہب کے کہنے پر دونوں نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی صاحب زادیوں کو اس وقت طلاق دے دی تھی جب کہ وہ کمسن تھیں اور رخصتی بھی نہیں ہوئی تھی۔

سوال ۲۱: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اس بیٹے کا کیا نام ہے جن کی وفات کے دن اتفاق سے سورج گرہن ہو گیا تھا؟

جواب: حضرت ابراہیمؓ۔

سوال ۲۲: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی کس بیٹی کے نکاح کے بعد مکّے میں یہ شہرت ہوگئی تھی کہ یہ سب سے اچھا جوڑا ہے جو دیکھا گیا ہے؟

جواب: حضرت رقیہؓ کا حضرت عثمانؓ سے نکاح ہو جانے کے بعد۔

سوال ۲۳: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے نواسے حضرت حسینؓ کب اور کہاں شہید ہوئے؟

جواب: ۱۰/محرم ۶۱ھ جمعہ کے دن میدان کربلا میں۔

سوال ۲۴: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی وہ کون سی بیٹی ہیں جن سے آپؐ نے اپنے مرض الموت میں کان میں بات کی تھی؟

جواب: حضرت فاطمہؓ۔

سوال ۲۵: دو کے علاوہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی ساری اولاد مدینہ میں دفن ہے بتایئے وہ دو کون ہیں اور ان کا مدفن کہاں ہے؟

جواب: حضرت قاسمؓ اور حضرت عبداللہؓ مکہ جنت المعلیٰ میں دفن ہوئے۔

سوال ۲۶: بتایئے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اپنی کس صاحب زادی کے جنازے میں شرکت نہ فرما سکے اور کیوں؟

جواب: حضرت رقیہؓ کے جنازے میں۔ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اس لیے شرکت نہ فرما سکے کیوں کہ اس دن میدان بدر میں تھے۔

سوال ۲۷: حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم جب کبھی سفر سے واپس تشریف لاتے تو اپنے گھر جانے سے پہلے عام طور پر کس کے گھر تشریف لے جاتے تھے؟

جواب: حضرت فاطمہؓ کے گھر (آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پہلے مسجد میں دو رکعت نفلیں پڑھتے پھر حضرت فاطمہؓ کے گھر تشریف لے جاتے اور بعد میں اپنے گھر تشریف لے جاتے)۔

❁❁❁